یعنی جب عورت کو طلاق رجعی یا بائن دی تو جب تک عدت نہ ہوچکے تو اس کی بہن یا خالہ یا پھوپھی سے نکاح کرنا درست نہیں، وحرم الجمع وطئًا بملک یمینٍ اور حرام ہے جمع کرنا محارم کا وطی میں بواسطے ملک یمین کے یعنی جب لونڈی تصرف میں آئی تو اس کی بہن یا خالہ یا پھوپھی کو ساتھ تصرف میں نہ لائے بَیْنَ امْرَأتَیْنِ اَیَّتُہُمَا فُرِضَتْ ذَکَرًا لَمْ تَحِلَّ لَہُ الْاُخْرٰی ابدًا یعنی نکاح اور عدت اور وطی ملک یمین سے جمع کرنا ان دو عورتوں میں حرام ہے کہ ان دو میں سے جس کو مرد فرض کیجیے تو نہ حلال ہو اس کو دوسری کبھی جیسے عورت اور اس کی عمہ سو اگر عورت کو مرد فرض کیجیے تو عمہ کے ساتھ نکاح حلال نہ ہوگا، اور عمہ کو اگر مرد فرض کیجیے تو بھتیجی سے نکاح درست نہ ہوگا اور اسی طرح خالہ اور بھانجی کا حال ہے، لحدیث مسلم لاتنکح المرأۃ علی عمتہا وہو مشہور یصلح مخصصًا للکتاب، جمع کرنا دو عورتوں کا بسبب حدیث صحیح مسلم کے حرام ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نکاح نہ کیا جاوے عورت کا اس کی عمہ پر اور حدیث صحیح مسلم کی مشہور حدیث ہے صلاحیت رکھتی ہے کہ قرآن کی مخصص ہوجاوے، یعنی ہرچند قرآن مجید میں سوائے جمع بین الاختین کے بھتیجی اور عمہ کا جمع کرنا نہیں منع ہے بلکہ عموم اُحِلَّ لکم ماوراء ذلکم[۵] سے حلت معلوم ہوتی ہے لیکن عموم آیت کا حدیث مسلم سے مخصوص ہوگیا، اس واسطے کہ اصول فقہ میں ثابت ہوچکا ہے کہ عموم آیت کا حدیث مشہور سے تخصیص قبول کرلیتا ہے، تیسیر الاصول میں صحاح ستہ سے ابو ہریرہ رضی کی روایت موجود ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ نکاح کیا جاوے عورت کا اس کی عمہ پر اور عورت کا اس کی خالہ پر، جمع بین المحارم اس واسطے حرام ہوا کہ اس میں قطع رحم ہوتا ہے، چنانچہ طبرانی میں اسی مضمون کی حدیث موجود ہے، کذا فی حاشیۃ المدنی، فَجَازَ الْجَمْعُ بَیْنَ امْرَأَۃٍ وَبِنْتِ زَوْجِہَا او امرأۃ ابنہا وامتہ ثم سیدتہا لانہ لو فرضت المرأۃ او امرأۃ الابن او السیدۃ ذکرًا لم یحرم بخلاف عکسہ، تو جائز ہے جمع کرنا عورت میں اور اس کے شوہر کی بیٹی میں اور جائز ہے جمع عورت میں اور اس کے بیٹے کی جورو میں اور جائز ہے جمع کرنا لونڈی میں، پھر اس کے مالک کی بی بی میں، اس واسطے کہ اگر عورت کو اور بیٹے کی جورو کو اور بی بی کو مرد فرض کیجیے تو دوسری حرام نہیں ہوتی اور اس کے برخلاف میں حرمت ہے یعنی جمع کرنا ان دو عورتوں کا حرام ہے جن کے مرد فرض کرنے سے دونوں طرف سے حرمت ہو اور تینوں صورتوں میں ایک طرف سے حرمت ہے دوسری طرف سے نہیں، اس واسطے جمع کرنا جائز ہوا، مثلاً پہلی صورت میں اگر عورت کو مرد فرض کیجیے تو اس عورت کے شوہر کی بیٹی اس پر حرام نہیں اور اگر شوہر کے بیٹے کو مرد فرض کیجیے تو البتہ اس پر عورت حرام ہوگی اور دوسری صورت میں اگر بیٹے کی جورو کو مرد فرض کیجیے تو عورت اس پر حرام نہیں، اور اگر عورت کو مرد کیجیے تو البتہ بہو حرام ہوگی، اور تیسری صورت میں اگر بی بی کو مرد قرار دیجیے تو لونڈی حرام نہیں اور اگر لونڈی کو مرد ٹھہرائیے تو البتہ بی بی حرام ہوگی فَاِنْ تَزَوَّجَ بنکاح صحیح اُخْتَ اَمَتِہٖ قَدْ وَطِیَہَا صَحَّ النکاح لٰکِنْ لَایَطَأُ وَاحِدَۃً منہما حَتّٰی یُحَرِّمَ حل الاستمتاع اَحَدُہُمَا عَلَیْہِ بِسَبَبٍ ما۔ پھر اگر صحیح نکاح کیا لونڈی کی بہن سے جس لونڈی کو صحبت میں لا چکا ہے تو نکاح اس کی بہن کا صحیح ہوگا لیکن دونوں میں سے کسی کو تصرف میں نہ لاوے جب تک ایک کی حلت جماع کو اپنے اوپر کسی سبب سے حرام نہ کرے، اگر منکوحہ کو رکھنا منظور ہو تو لونڈی کی صحبت سے پرہیز کرے اور اگر لونڈی کو رکھنا چاہے تو منکوحہ کو چھوڑ دے، لان للعقد حکم الوطی حتی لو نکح مشرقی مغربیۃ یثبت نسب اولادہا منہ لثبوت الوطی حکمًا، لونڈی یا اس کی منکوحہ بہن کا حرام کرنا اس واسطے ضرور ہوا کہ نکاح جماع کے حکم میں ہے، یہاں تک کہ اگر نکاح کیا مرد مشرقی نے عورت مغربیہ سے اس طرح کہ اس کے ولی نے مشرق میں نکاح کر دیا تو ثابت ہوگا اس عورت کی اولاد کا نسب مشرقی مرد سے واسطے ثابت ہونے جماع حکمی کے بسبب نکاح ہونے کے اس واسطے کہ قطع مسافت بطریق کرامت یا بواسطہ اعمال علویہ کے ممکن ہے، ولو لم یکن وطی الامۃ لہ وطی المنکوحۃ، اور اگر لونڈی سے جماع نہ کیا ہو تو مرد کو جائز ہے کہ اس کی منکوحہ بہن سے جماع کرے اس واسطے کہ مملوک ہونا وطی کے حکم میں نہیں، ودواعی الوطی کالوطی ابن کمال، اور وطی کے

[۵] حلال کی گئی تمہارے لیے سوا ان کے ۱۲

23. Abu Yusuf ki khidmat Khalifah Harun al-Rashid ke liye.

Abu Yusuf ne ek qism ki anguri sharab Khalifah Harun al-Rashid ke waste tayyar ki thi. Us sharab ko “Aba Yusufi” kehte the.

Al-Durr al-Mukhtar al-mausoom bi Ghayat al-Aqtar 4/290

باسمہ تعالیٰ

فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون

اہلِ علم و دانش سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں

الحمد للہ والمنۃ مسلک امام اعظم ابو حنیفہ اور فتاوی حنفیہ پر مشتمل

اردو ترجمہ

درّ المختار

الموسوم بہ

غایۃ الاوطار

جلد چہارم

مترجمہ مولانا خرم علی و مولانا محمد احسن صدیقی نانوتوی رحمہما اللہ تعالیٰ

دُرّ المختار اور اس کی مبسوط شرح فتاوی شامی یعنی ردّ المحتار کا مکمل اردو ترجمہ علماء کی ضروری تشریحات و توضیحات پر مشتمل خزینہ اور علمائے کرام، مفتیانِ عظام اور خواص و عوام کیلئے ایک قیمتی سرمایہ

☆

ناشر

سعید ایچ ایم کمپنی ادب منزل پاکستان چوک کراچی

کتاب الاشربۃ

یہ کتاب ہے اشربہ یعنی شرابوں کے احکام میں م اشربہ محرمہ کے حرام ہونے کی خوبیاں ظاہر ہیں اس لیے کہ مزیل عقل ہیں اور عقل اشرف الاشیاء ہے جس سے آدمی ممتاز ہے حیوانات سے اور اسی سے خطاب شرع متعلق ہے لیکن خمر اگلی امتوں پر مباح تھی ان کی طول اعمار اور جسامت ابدان کے سبب سے تو بہ سبب اپنی قوت کے آفت شراب کے متحمل تھے اور ان پر مستی غالب ہوتی تھی تو اس کی اباحت میں ان کے واسطے صلاح تھی کثرت منافع کے سبب سے اور یہ امت تو کم عمر ضعیف البدن ہے تو ان پر مستی غالب ہو جاتی ہے شراب قلیل سے بھی اس لیے کہ ان کے حق میں یہی صلاح تھی کہ خمر بالکل قلیل یا کثیر ان پر حرام ہو اور ابتدائے اسلام میں اس واسطے مباح ہوئی تھی تا فساد خمر کو معائنہ کر لیں پھر جب حرام ہوئی تو معلوم ہو گیا کہ یہی دین حق ہے یہ چیز حرام ہونے کے لائق تھی کذا فی العینی طحطاوی نے کہا کہ مستی اور نشہ سب دینوں میں حرام تھا اور خمر کا تھوڑا بھی پینا امت محمدی پر حرام ہوا ان کی تعظیم اور تکریم کے واسطے تا امر قبیح میں واقع نہ ہوں کیونکہ یہ امت مشہور بالخیر ہے ہی جمع شراب والشراب لغۃ کل مائع یشرب واصطلاحا مایسکر اشربہ جمع ہے شراب کی اور شراب لغت عرب میں عبارت ہے ہر چیز رقیق سائل سے جو پی جائے چنانچہ پانی اور شربت اور عرق خواہ حلال ہو یا حرام نشہ کرے یا نہ کرے اور اصطلاح شرع میں شراب وہ ہے جو نشہ کرے مست اور بیہوش کر دے م عرف ہندوستان میں شراب اس کو کہتے ہیں جو دیگ میں ڈال کر بطور عرق کے کشید ہو اور نشہ کرے خواہ انگور کا عرق ہو خواہ اور پھل کا خواہ گڑ کا والمحرم منہا اربعۃ انواع اور شرابوں میں سے چار قسم کی شرابیں حرام ہیں یعنی خمر اور طلا اور سکر اور نقیع زبیب چنانچہ تفصیل اس کی آگے معلوم ہوگی م اصول اشربہ چار چیزیں ہیں ایک تو ثمار یعنی پھل مثل انگور اور کھجور اور مویز یعنی انگور خشک جس کو اہل ہند منقی کہتے ہیں دوسرے حبوب جیسے گیہوں اور جو اور جوار تیسرے شیریں چیزیں چنانچہ شکر اور گڑ اور شہد چوتھے البان یعنی اونٹ کا دودھ اور گھوڑے کا دودھ سو انگور سے پانچ یا چھ شرابیں بنتی ہیں یعنی خمر اور باذق اور منصف اور مثلث اور بختج یعنی پختہ اور منقی سے دو شرابیں بنتی ہیں یعنی نقیع اور نبیذ اور کھجور سے تین شرابیں بنتی ہیں یعنی سکر بفتحتین اور فضیخ اور نبیذ اور حبوب اور فواکہ اور شہد وغیرہ سے ایک ہی چیز ہوتی ہے اگرچہ نام اس کے چند قسم کے ہیں تو یہ گیارہ یا زیادہ نام ہوئے سو اشربہ انگوری کی تفصیل یہ ہے کہ جب انگور کا عرق نچوڑا گیا تو اس کو عصیر کہتے ہیں جب تک وہ شیریں ہے پھر جب وہ جوش کھا کر جھاگ لایا اور کڑوا ہو گیا اس کا نام خمر ہے اور جب کھٹا ہو گیا تو وہ سرکہ انگوری ہے اور اگر انگور کے عرق کو تھوڑا آگ پر پکایا کہ نصف سے کم جلا پھر وہ جوش کھا کر جھاگ لایا تو اس کا نام باذق ہے اور اگر یہاں تک پکایا کہ نصف باقی رہا تو وہ منصف ہے اور اگر اتنا پکایا کہ دو تہائی جل گیا تو اس کا نام مثلث ہے اور مثلث کو جب پانی ڈال کر پتلا کیا پھر اس کو پکایا تو اس کا نام پختہ ہے اور اس کو یعقوبی اور ابا یوسفی بھی کہتے ہیں اس لیے کہ ابو یوسفؒ نے ہارون الرشید کے واسطے اس کو مرتب کیا تھا اور جمہوری اور حمیدی بھی اس کو بولتے ہیں اور منقی سے نقیع اور نبیذ بناتے ہیں نقیع یہ کہ منقی کو پانی میں چند روز رکھا یہاں تک کہ پانی شیریں ہو گیا اور نبیذ یہ کہ منقے کا پانی تھوڑا پکایا گیا اور کھجور سے سکر اور فضیخ اور نبیذ بناتے ہیں سکر کچا پانی ہے تمر پختہ کا اور فضیخ کچا پانی ہے گدر کھجور کا اور نبیذ پختہ یا گدر کھجور کا پانی ہے جو تھوڑا سا پکایا گیا کذا فی العینی و قاضی خاں ملتقطا الاول الخمر وہی النی بکسر النون فتشدید الیاء من ماء العنب اذا غلی واشتد وقذف ای رمی بالزبد ای الرغوۃ چار حرام شرابوں سے پہلی شراب خمر ہے اور خمر کچا پانی ہے انگور کا جب کہ وہ جوش کھائے

؎ جسیاندہ انگور خشک ۱۲ ؎۲ بعجمہ ہا بروزن امیر شراب بخوردہ خام ۱۲

24. Hanfiyo ke yahan ma‘shuq ka thook nigalne se roza tootne par kaffarah hoga aur ghair ka thook nigalne se kaffarah nahin hoga.

Mas’ala: Agar koi shakhs sa’im (rozedar) apne ma‘shuq ka thook nigal jaye to roza todne ka kaffarah ada kare. Aur agar mahboob ka thook na ho balke kisi ghair ka ho to kaffarah nahin hoga.

Fatawa Alamgiri 10/367

فَقِيهٌ وَّاحِدٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطٰنِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ

۱۰

فتاویٰ عالمگیری

جدید اردو

فقہ حنفی کے احکام و مسائل کا وہ عظیم و مستند ذخیرہ جو ہندوستان کے مشہور مسلمان بادشاہ حضرت عالمگیرؒ نے اپنی نگرانی میں ملک کے مستند علماء کی ایک جماعت کے ذریعہ عربی میں مرتب کرایا تھا اس کا مستند مکمل اردو ترجمہ

مترجم
مولانا سید امیر علی رحمۃ اللہ تعالیٰ
مصنف تفسیر مواہب الرحمٰن و عین الہدایہ وغیرہ

تسہیل و عنوانات
مولانا ابو عبید اللہ
خطیب جامع مسجد رحمۃ للعلمین
ڈیفنس روڈ لاہور

مکتبہ رحمانیہ
MAKTABA-E-REHMANIA
اقراء سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

بایں طور کہ اس کو یہ یقین ذبح کی ہوئی بکری دستیاب ہوتی ہو اور اگر حالت ضروری ہو تو تحری کر کے کھائے (۱) خواہ ذبح کی ہوئی زیادہ ہوں یا دونوں برابر ہوں یا مردار زیادہ ہوں یہ کافی میں ہے۔ مسئلہ گیلا نجس کپڑا ایک سوکھے پاک کپڑے میں لپیٹا گیا کہ اس کی تری اس پاک کپڑے میں ظاہر ہوئی لیکن ایسی نہیں ہے کہ اگر اس کو نچوڑا جائے تو نچڑے تو پاک کپڑا نجس نہ ہوگا۔ مسئلہ ایک سری بکری کی خون میں لتھڑی ہوئی ہے کہ وہ آگ میں ڈال دی گئی یہاں تک کہ اس کا خون جل کر جاتا رہا پھر اس سے شوربا پکایا گیا تو جائز ہے اور جلا دینا مشکل دھوڈالنے کے ہے۔ مسئلہ سلطان نے مالک زمین کو خراج زمین دے دیا یعنی معاف کر دیا تو جائز ہے اور اگر عشر اراضی اسی کا کر دیا تو نہیں جائز ہے یہ کنز میں ہے اور یہ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ہے اور امام ابو حنیفہؒ و امام محمدؒ نے فرمایا کہ خراج و عشر دونوں صورتوں میں جائز نہیں ہے مگر فتویٰ امام ابو یوسفؒ رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر ہے۔ مسئلہ خراج گذار لوگ اگر زراعت اراضی و ادائے اخراج سے عاجز ہوئے تو امام المسلمین اس اراضی کو دوسروں کو اجرت پر دے دے گا یعنی جو لوگ زراعت کرنے پر قادر نہیں ان کی قراضی اجارہ پر دے دے گا اور اُس کی اجرت سے اپنا خراج وصول کر لے گا پھر اگر اجرت میں سے کچھ باقی بچا تو وہ مالکان اراضی کو دے دے گا اور اگر امام نے اس اراضی کا اجارہ پر لینے والا کوئی شخص نہ پایا تو اس اراضی کو ایسے خریدار کے ہاتھ فروخت کر دے گا جو زراعت کرنے پر قادر ہے پھر جب فروخت کر دیا تو پچھلا خراج اس کے ثمن سے وصول کر لے گا اگر پچھلا خراج باقی ہو اور جو کچھ بچے وہ مالکان اراضی کو دے دے گا۔ پھر مشائخ نے فرمایا کہ یہ امام ابو یوسفؒ و امام محمدؒ کا قول ہے اس واسطے کہ صاحبین کے نزدیک قاضی کو اختیار ہے کہ مدیوں کا مال بعوض قرضہ و نفقہ کے فروخت کر دے اور امام اعظمؒ کے نزدیک ایسا اختیار نہیں ہے پس قاضی اس کو فروخت نہ کرے گا بلکہ مالکان اراضی کو حکم دے گا کہ وہ خود اس کو فروخت کریں اور بعض نے فرمایا کہ یہ بالاتفاق سب کا قول ہے یہ تبیین میں لکھا ہے۔

مسئلہ اگر روزہ رکھنے میں قضائے رمضان کی نیت کی اور وہ دن کا تعین نہ کیا تو صحیح ہے اگرچہ دو رمضانوں[۱] سے ہو جیسے قضائے نماز صحیح ہے اگرچہ اس نے قضائے اوّل یا آخر نماز یا آخر نماز جو اس پر ہے نیت نہ کی ہو یہ کنز میں لکھا ہے اور یہی قول مشائخ کا ہے اور اصح یہ ہے کہ ایک ہی رمضان سے صحیح ہوگا اور دو رمضان سے صحیح (۲) نہ ہوگا تاوقتیکہ وہ نیت میں اس طرح تعین نہ کرے کہ یہ فلاں سنہ کے رمضان کا ہے اسی طرح نماز میں بھی مطلقاً قضائے نماز کی نیت سے جائز نہ ہوگی تاوقتیکہ نماز کی اور دن کی تعین نہ کرے بایں طور کہ نماز ظہر روز چہارشنبہ مثلاً اور اگر اس نے اس طرح نیت کی ہے کہ یہ قضا اُس ظہر کی ہے جو سب سے اوّل اس سے قضا ہو کر اس پر واجب رہی ہے یا سب سے آخر قضا ہو کر اس کی قضا اس پر واجب ہے تو یہ جائز ہوگی یہ تبیین میں ہے۔ مسئلہ روزہ دار کے منہ میں بہت سے آنسو بھرے ہوئے یہاں تک کہ اس نے ان کی نمکینی کا مزہ زبان پر پایا پھر وہ ان کو نگل گیا تو روزہ فاسد ہو جائے گا اور اگر تھوڑے آنسو ہیں جیسی قطرہ دو قطرہ تو فاسد نہ ہوگا۔ مسئلہ اگر کوئی شخص صائم اپنے معشوق کا تھوک نگل گیا تو روزہ توڑنے کا کفارہ ادا کرے اور اگر محبوب کا تھوک نہ ہو کسی غیر کا ہو تو کفارہ نہ ہوگا۔ مسئلہ بعض حاجی اگر حج میں قتل کئے گئے تو ایسے شخص کے لیے جس پر حج فرض ہوا ہے ترک کرنے کا یہ عذر ہے۔ مسئلہ اگر مادۂ خر فروخت کی تو بیع میں اس کا بچہ داخل نہ ہوگا۔ مسئلہ جس عقار میں تنازع ہے وہ قابض کے قبضہ سے نہ نکالا جائے گا جب تک کہ مدعی گواہ پیش نہ کرے۔ مسئلہ جو عقار جس قاضی کی ولایت میں نہیں ہے اس کی بابت اس قاضی کا حکم قضاء صحیح نہ ہوگا۔ مسئلہ اگر قاضی نے کسی مقدمہ میں بگواہی گواہان حکم دیا پھر فرمایا کہ میں نے اپنے حکم سے رجوع کیا یا

---

[۱] یعنی ایک شخص پر دو سال کے رمضانوں کی قضا ہے پس اُس نے مطلقاً قضائے رمضان کی نیت کی کسی سال کے رمضان کی تعیین نہ کی تو بھی روزہ قضائے رمضان کا ہو جائے گا ۱۲ منہ (۱) یعنی اگر اس کی تحری میں وہ مذبوحہ معلوم ہو تو کھائے ۱۲ منہ (۲) یعنی اگر ایک ہی رمضان کی قضا اُس پر ہے تو مطلق قضائے رمضان کی نیت سے روزہ قضائے رمضان ہوگا ۱۲ منہ

25. Hanafi “dubur” ke keede ki karamat

AChha yaar Hanafiyon, ek baat batao:
Fiqh-e-Hanafi mein wuzu ke masa’il par likha hai:

1. Agar dubur (gaand) mein se koi keera nikal aaye to wuzu toot jata hai.

2. Agar wohi keera khud se andar chala jaye to toota hua wuzu phir se jur jata hai.

3. Agar us keere ko zabardasti andar dakhil kare to wuzu toot jata hai.

4. Aur agar us keere ka kuch hissa nikla aur phir woh andar ghus gaya to naqis wuzu nahin hota.

Al-Durr al-Mukhtar al-mausoom bi Ghayat al-Aqtar 1/84

باسمہ تعالیٰ

فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

اہلِ علم و دانش سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں

الحمد للہ والمنۃ مسلک امام اعظم ابوحنیفہ اور فتاویٰ حنفیہ پر مشتمل

اُردو ترجمہ

دُرُّ المختار

الموسوم بہ

غایۃ الاوطار

جلد اوّل

مترجمہ مولانا خرم علی و مولانا محمد احسن صدیقی نانوتوی رحمہما اللہ تعالےٰ

دُرّ المختار اور اس کی مبسوط شرح فتاویٰ شامی یعنی ردّ المحتار کا مکمل اردو ترجمہ علماء کی ضروری تشریحات و توضیحات پر مشتمل خزینہ اور علمائے کرام، مفتیانِ عظام اور خواص و عوام کیلئے ایک قیمتی سرمایہ

☆

ناشر

سعید ایچ ایم کمپنی ادب منزل پاکستان چوک کراچی

١٤٠٦ھ

کو معلوم نہیں کہ وہ پانی ہے یا پیشاب ہے تو وہ وضوء کا اعادہ کرے اور اگر نماز کے اندر یہی بات حاصل ہوئی اور شیطان اس کا بہت وسوسہ ڈالے اور اُس کو نجاست کا یقین نہیں ہے تو وہ نماز پڑھتا رہے اور اس کا دھیان نہ کرے جب تک اُس کے پیشاب ہونے کا یقین حاصل نہ ہو اور جو مبتلا ہو ایسے وسواس کا اُس کو چاہیے کہ وہ اپنی شرمگاہ پر پانی چھڑک لے تاکہ اگر تراوت نظر آوے تو اُس کو پانی جانے نہ پیشاب کذا فی الخانیہ باسوری خرج دبرہ ان ادخلہ بیدہ انتقض وضوءہ وان دخل بنفسہ لا بواسیر والے کی مقعد باہر نکلی اگر اُس کو اپنے ہاتھ سے اندر کر دیا تو اُس کا وضوء ٹوٹا اور اگر خود بخود داخل ہو گئی تو وضوء نہیں ٹوٹا۵؎ لیکن اگر کچھ نجاست ظاہر ہو گی تو ناقض وضوء ہے کذا فی الطحطاوی وکذا لو خرج بعض الدودۃ فدخلت اور اسی طرح اگر کیڑا تھوڑا سا نکلا پھر گھس گیا تو ناقض نہیں من لذکرہ رأسان فالذی لا یخرج منہ البول المعتاد بمنزلۃ الجرح جس شخص کے ذکر کے دو سر ہوں تو جس سر سے عادت والا پیشاب نہیں نکلتا وہ بمنزلہ زخم کے ہے یعنی اُس سے اگر کوئی چیز نکلے گی تو وضوء ٹوٹے گا جب تک وہ شے سائل نہ ہو گی جیسے زخم سے نکلنا بدون سیلان ناقض نہیں الخنثیٰ غیر المشکل فرجہ الآخر کالجرح جو خنثیٰ کہ مشکل نہیں اُس کی دوسری فرج بمنزلہ زخم کے ہے تو وضوء نہ ٹوٹے گا بدون بہنے کے ایسا ہے فتح القدیر وغیرہ میں اور اکثر فقہا کہتے ہیں کہ وضوء ٹوٹے گا دونوں فرج کے پیشاب نکلنے سے سائل ہو یا نہ ہو اُس کا حال ظاہر ہو گیا ہو یا نہ ہو نہر الفائق میں زیلعی سے نقل کیا کہ اول قول پر اعتماد کرنا لائق ہے کذا فی الطحطاوی والمشکل ینقض وضوءہ بکل اور خنثیٰ مشکل کا وضوء ٹوٹتا ہے ہر فرج کے نکلنے سے بدون سیلان کے بنظر احتیاط کے کذا فی التوضیح؎ خنثیٰ مشکل اُسکو کہتے ہیں کہ مرد اور عورت ہونا کسی علامت سے ثابت نہ ہو نہ قبل از بلوغ نہ بعد از بلوغ منکر الوضوء ہل یکفر ان انکر الوضوء للصلوٰۃ نعم ولغیرہا لا سوال وضو کا منکر کافر ہے یا نہیں جواب اگر اُس نے وضو کا انکار کیا نماز کے واسطے تو ہاں وہ کافر ہوا اور غیر نماز کے واسطے منکر وضو ہونے سے کافر نہیں ہوگا؎ نماز کے وضو کا منکر اس واسطے کافر ہوا کہ اُس نے قرآن کی تکذیب کی قال اللہ تعالیٰ (یٰایہا الذین اٰمنوا اذا قمتم الی الصلوٰۃ الخ) اور غیر نماز اگرچہ مس مصحف کے وضو کا انکار کرے کافر نہ ہوگا اس واسطے کہ اُس کی آیت میں اختلاف ہے چنانچہ مذکور ہو چکا یعنی تو قطعی کا منکر نہ ٹھہرا شک فی بعض وضوءہ اعاد ما شک فیہ لو فی خلالہ ولم یکن الشک عادۃ لہ والا لا شک پڑا وضوء کے بعض افعال میں یعنی کسی عضو کے غسل میں یا مسح میں تو جس فعل میں شک پڑا کہ کیا یا نہیں کیا اُس کو پھر کرے اگر اثناء وضو کرنے میں شک ہوا ہو اور شک کا ہونا اُس کی عادت نہ ہو ورنہ اعادہ نہیں یعنی اگر اثناء وضوء میں شک نہیں پڑا بلکہ بعد وضوء کر چکنے کے شک پڑا خواہ اُس کو شک کی عادت ہو یا نہ ہو یا اُس کو شک کی عادت خواہ اثناء وضوء میں ہو یا بعد وضوء ان صورتوں میں اعادہ نہ کرے اور شک کی طرف التفات نہ کرے اور آپ کو باوضوء سمجھے کذا فی الطحطاوی ملخصًا ولو علم انہ لم یغسل عضوًا وشک فی تعیینہ غسل رجلہ الیسریٰ لانہ آخر العمل اور اگر اُس کو بالیقین معلوم ہو کہ اُس نے ایک عضو کو نہیں دھویا اور شک پڑا اُس کو عضو کے معین کرنے میں کہ ہاتھ ہے یا پاؤں تو بائیں پاؤں کو دھولے اس واسطے کہ وہ پچھلا عمل ہے وضو میں تو نسیان کی طرف وہی اقرب ہے باقی رہی یہ بات کہ اگر پچھلے پاؤں کے دھونے کا یقین ہو صورت مذکورہ میں تو ظاہرًا اُس کے ماقبل عضو کا اعتبار ہوگا وہکذا کما فی الطحطاوی ولو ایقن بالطہارۃ وشک بالحدث او بالعکس اخذ بالیقین اور اگر طہارت کر چکنے کا یقین ہو اور وضوء کے ٹوٹنے میں شک پڑے یا اُس کے بالعکس یعنی وضو ٹوٹنے کا یقین ہے اور طہارت کرنے میں شک پڑے تو یقین کو لے اور شک کو چھوڑے یعنی پہلی صورت میں طہارت کو اعتبار کرے اور دوسری صورت میں زوال طہارت کو معتبر جانے اس واسطے کہ یقین شک سے نہیں ٹل سکتا کیونکہ یقین قوی چیز ہے اور شک ضعیف قوی ضعیف سے کیونکر ٹل سکے ولو تیقنہما وشک فی السابق فہو متطہر اور اگر طہارت اور حدث دونوں کا یقین ہو اور سابق میں شک پڑے یعنی یہ یاد نہیں رہا کہ اول طہارت تھی یا حدث تو وہ شخص شرعًا باطہارت ہے اس واسطے کہ غالبًا طہارت بعد حدث کے ہوتی ہے کذا فی الطحطاوی ومثلہ المتیمم اور متوضی کے حکم میں تیمم کرنے والا ہے یعنی اگر تیمم کا یقین حاصل ہے اور رہے وضوء ہونے میں شک واقع ہوا ہے یا حدث کا یقین ہے اور تیمم میں شک ہے یقین پر عمل کرے اور جو دونوں کا یقین ہے اور تقدم اور تاخر میں شک ہے تو شخص باتیمم ہے ولو شک فی نجاسۃ ماء او ثوب

۵؎ وجہ فرق یہ ہے کہ پہلی صورت میں ہاتھ یا کپڑے کو کچھ نہ کچھ نجاست لگ جائے گی تو خروج نجاست ثابت ہوگا جو ناقض ہے اور خود داخل ہونے میں یہ بات مفقود ہے۔ ۱۲

26. Hanafi wuzu test

Fiqh-e-Hanafi mein aise aise shahkaar maujood hain ke insaan ki aqal dang reh jati hai. Kisi khafi muqallid / muqallidah ne wuzu kiya phir us ko shak ho gaya ke us ka wuzu toot gaya hai. Ab kaise confirm hoga ke wuzu hai ya nahin?

Janab pareshan kyun hote hain? Yeh to mas'ala hi koi nahin. Hamari fiqh mein wuzu check karne ka ek aasan sa test hai. Jis waqt jis jagah aap ko shak ho jaye ke wuzu toot gaya, bas apni dubur mein ungli dakhil karein aur bahar nikal kar dekhein. Agar khushk hai to aap ka wuzu bilkul theek thaak, hashash bashash hai. Agar khuda na khwasta tar nikal aaye to phir aap ka wuzu toot gaya hai.
Haan ek baat ka khayal rakhein, ungli poori andar ghaib nahin honi chahiye warna test dohrana padega.

Al-Durr al-Mukhtar Kitab al-Taharah, jild 1, safha 83

لابوجع جیسے وضو نہیں ٹوٹتا اگر متوضی کے کان سے اور مانند اُس کے چنانچہ اُس کی آنکھ یا پستان سے بدون درد کے پیپ نکلا اور اُس کے مانند چنانچہ زرد آب اور ناف کا پانی وغیرہ یعنی ناف کا پیپ اور زرد آب نکلا ناقض نہ ہوگا بدون درد کے وان خرج بہ ای بوجع نقض لانہ دلیل الجرح اور اگر پیپ وغیرہ درد کے ساتھ نکلا تو وضو کا ناقض ہوگا اس واسطے کہ درد کے ساتھ نکلنا وجود زخم کی دلیل ہے ھ بحر الرائق میں کہا کہ پانی میں یہ تفصیل البتہ خوب ہے اور پیپ اور زرد آب تو بدون زخم کے نہیں ہوتا نہر الفائق میں اس کا جواب دیا کہ ممکن ہے کہ زخم چنگا ہو کر پیپ نکلا ہو اور درد کا نہ ہونا ہی صحت کی علامت ہے فتاوی عالمگیری میں ماتن کی تفصیل کے موافق محیط سے شمس الائمہ حلوانی کا فتوی نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ اس طرح ذخیرہ اور زیلعی اور سراج وہاج میں مذکور ہے تو صاحب بحر کا شبہ لائق التفات کے نہیں رہا فدمع من بعینہ رمدا او عمش ناقض فان استمر صار ذا عذر مجتبی والناس عنہ غافلون جب معلوم ہوا کہ جو درد کے ساتھ خارج ہو وہ ناقض ہے تو آنسو اُس شخص کا جس کی آنکھ اٹھنے آئی اور دکھتی ہے یا ایسی چوندھی اور چیپڑی کہ اکثر پانی بہا کرتا ہے ناقض وضو ہے اور اگر آنسو بہنا دائمی ہو گیا تو یہ شخص معذور ہو گیا اور معذور کا حکم باب الحیض میں معلوم ہوگا ایسا مذکور ہے مجتبی میں اور لوگ اس مسئلے کے حکم سے غافل یعنی اس آنسو کو ناقض وضو نہیں جانتے ہیں ھ فقہا نے کہا ہے جس کی آنکھ سے ریمد یا عمش سے آنسو جاری ہو اُس کو ہر وقت نماز کے وضو کرنے کا امر کیا جاوے صاحب بحر نے کہا یہ تعلیل اس کی مقتضی ہے کہ یہ استحباب کا امر ہے صاحب نہر نے کہا بلکہ وجوب کا امر ہے بقرینہ مرض اسی طرح فتح القدیر میں ہے اور مجتبی میں اس کی وجہ یوں بیان کی ہے کہ شاید پلکوں کے زخم سے آنسو آتا ہو کذا فی الطحطاوی کما ینقض لو حشا احلیلہ بقطنۃ وابتل الطرف الظاہر ہذا لو القطنۃ عالیۃ او محاذیۃ لرأس الاحلیل وان متسفلۃ عنہ لا ینقض جیسے ناقض وضو ہے اگر مرد نے پیشاب کے سوراخ میں روئی بھر دی ہو اور روئی کی ظاہر طرف تر ہو گئی یہ نقض وضو کا حکم اُس صورت میں ہے کہ اگر روئی سوراخ کے سرے سے اونچی ہو یا برابر ہو اور اگر سوراخ کے سرے سے نیچی ہے اور طرف ظاہر تر ہو جائے تو تر ہونا ناقض نہ ہوگا اس واسطے کہ خروج متحقق نہ ہوا وکذا الحکم فی الدبر والفرج الداخل اور اسی طرح کا حکم ہے مقعد اور فرج داخل کی روئی کا یعنی اگر وہاں کی روئی وغیرہ اونچی یا برابر ہے تو طرف ظاہر کے تر ہونے سے وضو ٹوٹے گا ورنہ وضو قائم ہے ھ منیۃ المصلی میں ہے کہ اگر سوئی یا کپڑا فرج خارج میں ہے اور تر ہو گیا تو وضو ٹوٹا نافذ ہو یا نہ ہو کذا فی الطحطاوی وان ابتل الطرف الداخل لا ینقض اور اگر روئی وغیرہ کی اندر کی طرف تر ہو گئی تو ناقض وضو نہیں ولو سقطت فان رطبۃ انتقض والا لا اگر روئی وغیرہ ساقط ہوئی یعنی گر پڑی تو اگر تر ہے تو وضو ٹوٹا اور اگر تر نہیں تو نہیں ٹوٹا وکذا لو ادخل اصبعہ فی دبرہ ولم یغیبہا اور اسی طرح کا حکم ہے اگر انگلی مقعد میں داخل کی اور ساری انگلی غائب نہیں کی یعنی اگر تر نکلی تو وضو ٹوٹا اور اگر خشک نکلی تو نہیں ٹوٹا فان غیبہا او ادخلہ عند الاستنجاء بطل وضوءہ وصومہ پھر اگر انگلی تمام غائب کر دی یا پانی سے استنجا کرتے داخل کی تو وضو اور روزہ اُس کا باطل ہو گیا ھ شارح کے کلام میں لف ونشر مرتب ہے تو لبطلان وضوء کا انگلی غائب کرنے سے متعلق ہے اور لبطلان صوم ادخال حالت استنجا سے متعلق ہے اس واسطے کہ جب انگلی غائب ہوئی تو ملوث نجاست سے نکلے گی تو وضو باطل ہوگا اور جب کہ استنجا کرتے میں انگلی داخل کی تو پانی کا داخل ہونا پیٹ میں لازم آیا صوم باطل ہو گیا کذا فی الطحطاوی بعضوں نے لف ونشر کا دھیان نہیں کیا تو شارح پر اعتراض کیا کہ انگلی کے داخل کرنے سے اگر تر نہ ہو تو صوم باطل نہیں ہوتا شارح نے یہ کیا کہا حالانکہ شارح کا مطلب یہ ہے کہ انگلی غائب کرنے سے وضو باطل ہوتا ہے نہ صوم اور ادخال حالت استنجا سے صوم باطل ہوتا ہے **فروع** مسائل ملحقہ شارح کے ھ فروع جمع ہے فرع کی اور فرع کہتے ہیں ہر شے کے اعلی کو اور قوم کے شریف کو تو فروع سے مسائل عالیہ اور شریفہ مراد ہیں بطریق استعارہ کے شارحین کی غالب عادت یہ ہے کہ بلفظ فروع اُن مسائل کو جو متن سے فوت ہوئے یا مستغرب ہیں ذکر کرتے ہیں مناسب ہر مقام کے کذا فی الطحطاوی شارح رحمۃ اللہ علیہ آخر بحث میں فروع ضروریہ اور عجیبہ اکثر بیان کرتا ہے اور کہا ہے تضاعیف کلام میں مناسب مقام یستحب للرجل ان یحتشی ان رابہ الشیطان ویجب ان کان لا ینقطع الا بہ قدر ما یصلی مرد کو مستحب ہے احلیل میں روئی وغیرہ رکھنا اگر شیطان اس کو شک میں ڈالتا ہو قطرہ آنے کے وسوسے اور واجب ہے بقدر نماز پڑھنے کے اگر عذر منقطع نہ ہوتا ہو بدون روئی رکھنے کے تاکہ نماز حتی المقدور طہارت سے حاصل ہو ھ طحطاوی نے کہا جب محدث نے وضو کیا اور جنبی نے نہایا پیشاب کے بعد پھر اُس نے اپنے ذکر پر نمی اور تراوت دیکھی اور اس

27. FQIAH E HANFI VS QURAAN HADIS

Kya Fiqah-e-Hanafi Qur’an o Hadith ka nichor hai?

Qur’an:
“Zinakaar aurat aur mard mein se har ek ko sau kode lagao. Un par Allah ki shari‘at ki hadd jari karte hue tumhein hargiz taras na khana chahiye agar tum Allah aur Qiyamat ke din par iman rakhte ho. Aur un ki saza ke waqt Musalmanon ki ek jama‘at maujood honi chahiye.”
Surah al-Nur 24:2

Hadith:
Yahya bin Yahya Tamimi ne kaha: Hushaim ne hamein Mansur se khabar di, unhon ne Hasan se, unhon ne Hittan bin Abdullah al-Raqashi se, aur unhon ne Hazrat Ubadah bin Samit r.a. se riwayat

ki. Unhon ne kaha: Rasulullah ﷺ ne farmaya:

“Mujh se seekh lo, mujh se seekh lo, mujh se seekh lo. Allah ne un ke liye raah nikal di hai. Kunwara kunwari se (zina kare) to har ek ke liye sau kode aur ek saal ki jila-watani hai. Aur shadi shuda shadi shuda se zina kare to har ek ke liye sau kode aur rajm hai.”

#4414, Kitab al-Hudud

Fiqah-e-Hanafi:
Agar koi aurat kisi pagal ya bachche ke sath zina kare to na us pagal par, na us bachche par, aur na us aurat par hadd hogi.

Al Hidaya2/348

الهداية

شرح

بداية المبتدي

تأليف
شيخ الإسلام برهان الدين
أبي الحسن علي بن أبي بكر بن عبد الجليل
الرشداني المرغيناني
المتوفى سنة ٥٩٣ هـ

اعتنى بتصحيحه
الشيخ طلال يوسف

١ - ٢

دار إحياء التراث العربي
بيروت - لبنان

ولأبي حنيفة رَحِمَهُ ٱللَّهُ فيه أن فعل الحربي المستأمن زنا لأنه مخاطب بالحرمات على ما هو الصحيح وإن لم يكن مخاطباً بالشرائع على أصلنا، والتمكين من فعل هو زنا موجب للحدّ عليها، بخلاف الصبيّ والمجنون لأنهما لا يخاطبان، ونظير هذا الاختلاف إذا زنى المكره بالمطاوعة تحدّ المطاوعة عنده، وعند محمد رَحِمَهُ ٱللَّهُ لا تحدّ.

قال: **(وإذا زنى الصبي أو المجنون بامرأة طاوعته فلا حدّ عليه ولا عليها)** وقال زفر والشافعي رحمهما اللّه: يجب الحدّ عليها، وهو رواية عن أبي يوسف رَحِمَهُ ٱللَّهُ **(قال زنى صحيح بمجنونة، أو صغيرة يجامع مثلها حدّ الرجل خاصة)** وهذا بالإجماع. لهما أن العذر من جانبها لا يوجب سقوط الحدّ من جانبه فكذا العذر من جانبه، وهذا لأن كلاً منهما مؤاخذ بفعله. ولنا أن فعل الزنا يتحقق منه وإنما هي محل الفعل، ولهذا يسمى هو واطئاً وزانياً، والمرأة موطوءة ومزنياً بها إلا أنها سمّيت زانية مجازاً تسمية للمفعول باسم الفاعل كالراضية في معنى المرضية أو لكونها مسببة بالتمكين فتعلق الحدّ في حقها بالتمكين من قبيح الزنا، وهو فعل من هو مخاطب بالكفّ عنه ومؤثم على مباشرته، وفعل الصبي ليس بهذه الصفة فلا يناط به الحدّ.

قال: **(ومن أكرهه السلطان حتى زنى فلا حدّ عليه)** وكان أبو حنيفة رَحِمَهُ ٱللَّهُ يقول أوّلاً: يحدّ وهو قول زفر رَحِمَهُ ٱللَّهُ لأن الزنا من الرجل لا يكون إلا بعد انتشار الآلة وذلك دليل الطواعية، ثم رجع عنه فقال: لا حدّ عليه لأن سببه الملجىء قائم ظاهراً، والانتشار دليل متردد لأنه قد يكون من غير قصد لأن الانتشار قد يكون طبعاً لا طوعاً كما في النائم فأورث شبهة، وإن أكرهه غير السلطان حدّ عند أبي حنيفة رَحِمَهُ ٱللَّهُ. وقالا: لا يحدّ لأن الإكراه عندهما قد يتحقق من غير السلطان، لأن المؤثر خوف الهلاك وأنه يتحقق من غيره وله أن الإكراه من غيره لا يدوم إلا نادراً لتمكنه من الاستعانة بالسلطان أو بجماعة المسليمن ويمكنه دفعه بنفسه بالسلاح، والنادر لا حكم له فلا يسقط به الحدّ، بخلاف السلطان لأنه لا يمكنه الاستعانة بغيره ولا الخروج بالسلاح عليه فافترقا.

(ومن أقرّ أربع مرات في مجالس مختلفة أنه زنى بفلانة وقالت هي تزوجني أو أقرّت بالزنا وقال الرجل: تزوجتها فلا حدّ عليه وعليه المهر في ذلك) لأن دعوى النكاح يحتمل الصدق وهو يقوم بالطرفين فأورث شبهة، وإذا سقط الحدّ وجب المهر تعظيماً لخطر البضع.

(ومن زنى بجارية فقتلها فإنه يحدّ وعليه القيمة) معناه قتلها بفعل الزنا لأنه جنى

28. Hanfiyo se khaane ka saaman na le!

Aur jab halal cheez haraam ke saath mil jaaye, jaise sharaab ya chooha ghee ya aate mein gir jaaye, to agar (bechne wala) us ki haqeeqat bayaan kar de to use bechne mein koi harj nahin, bashart ke haraam ghaalib na ho ya dono barabar hon. Isi tarah "Muheet al-Sarakhsi" mein mazkoor hai.
Aur use khaane ke ilaawa kisi aur tareeqe se istemaal karne mein bhi koi harj nahin.

Fatawa Alamgiri 3/124

الفتاوى الهندية

المعروفة بالفتاوى العالمكيرية

في مذهب الإمام الأعظم أبي حنيفة النعمان

تأليف

العلامة الهمام مولانا الشيخ نظام

وجماعة من علماء الهند الأعلام

ضبطه وصححه

عبد اللطيف حسن عبد الرحمن

الجزء الثالث

يحتوي على الكتب التالية:

البيوع - الصرف - الكفالة - الحوالة - أدب القاضي

الشهادات - الرجوع عن الشهادة - الوكالة

منشورات

محمد علي بيضون

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

وما لا فلا وهذا بناء على أن الجلود كلها تطهر بالذكاة أو بالدباغ إلا جلد الإنسان والخنزير وإذا طهرت بالذكاة جاز الانتفاع بها فتكون محلاً للبيع، وأما شعر الميتة وعظمها وصوفها وقرنها فلا بأس بالانتفاع بها وبيع ذلك كله جاز وأما العصب ففيه روايتان في رواية جاز الانتفاع به وبيعه كذا في المحيط، ولا يجوز بيع شعر الخنزير ويجوز الانتفاع به للخرّازين ولا يجوز بيع شعور الإنسان ولا يجوز الانتفاع بها وهو الصحيح كذا في الجامع الصغير، ولو أخذ شعر النبي ﷺ ممن عنده وأعطاه هدية عظيمة لا على وجه البيع والشراء لا بأس به كذا في السراجية، ولم يجز بيع لبن امرأة ولو في قدح حرة كانت أو أمة ولم يضمن متلفه كذا في الكافي، وعن أبي يوسف رحمه الله تعالى يجوز بيع لبن الأمة هو المختار كذا في مختار الفتاوى، ولا ينعقد بيع الملاقيح والمضامين والملقوح ما في رحم الأنثى وعلى هذا يخرّج بيع عسب الفحل والحمل هكذا في البدائع، ولا يجوز بيع الحر والخمر والخنزير والميتة كذا في التهذيب، ويجوز بيع السرقين والبعر والانتفاع بهما، وأما العذرة فلا يجوز الانتفاع بها ما لم تختلط بالتراب ويكون التراب غالباً وكذا بيع العذرة لا يجوز ما لم تختلط بالتراب ويكون التراب غالباً كذا في المحيط، بيع سرقين الرباطات لا يجوز إلا إذا جمعه رجل فباعه كذا في السراجية، ويجوز بيع خرء الحمام إن كان كثيراً وهبته كذا في القنية، والحلال إذا اختلط بالحرام كالخمر والفارة تقع في السمن والعجين فلا بأس ببيعه إذا بين ما لم يغلب عليه أو استويا كذا في محيط السرخسي، ولا بأس بالانتفاع به من غير الأكل، وفي الخانية وإذا وقعت قطرة من البول أو الدم في خلّ أو زيت لا يجوز بيعه كذا في التتارخانية، وما كان الغالب عليه الحرام لم يجز بيعه ولا هبته وكذلك الزيت إذا وقع فيه ودك الميت فإن كان الزيت غالباً جاز بيعه وإن كان الودك غالباً لم يجز والمراد من الانتفاع حال غلبة الحلال الانتفاع في غير الأبدان، وأما في الأبدان فلا يجوز الانتفاع به كذا في المحيط، ويجوز بيع البربط والطبل والمزمار والدف والنرد وأشباه ذلك في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى وعندهما لايجوز بيع هذه الأشياء قبل الكسر ذكر المسألة في إجارات الأصل من غير تفصيل وذكر في السير الكبير تفصيلاً على قولهما فقال: إن باعها ممن لم يستعملها ولا يبيع هذا المشتري ممن يستعملها فلا بأس ببيعها قبل الكسر، فإن باعها ممن يستعملها أو يبيعها هذا المشتري ممن يستعملها لا يجوز بيعها قبل الكسر قال شيخ الإسلام رحمه الله تعالى: ما ذكر من الإطلاق في الأصل محمول على التفصيل المذكور في السير كذا في الذخيرة، وإن أتلفها إنسان فإن كان الإتلاف بأمر القاضي لا يضمن وإن لم يكن بأمر القاضي فكذلك في قول أبي يوسف ومحمد رحمهما الله تعالى كذا في فتاوى قاضيخان، والفتوى على قولهما كذا في التهذيب، ولو باع عبداً بما يرعى إبله في أرض المشتري أو بما يشرب من ماء بئره جاز، وكذا لو باع عبداً بجارية من جواري البائع أو من جواري المشتري ولم يعينها ينعقد كذا في محيط السرخسي، قال أبو حنيفة رحمه الله تعالى: يجوز بيع الأشربة المحرمة كلها إلا الخمر وعلى مستهلكها الضمان، وقال أبو يوسف ومحمد رحمهما الله تعالى: لا يجوز بيعها ولا يجب الضمان على مستهلكها كذا في المحيط، وفي الفتاوى العتابية ولا بأس ببيع العصير ممن يتخذها خمراً ولا ببيع الأرض ممن يتخذها كنيسة كذا في التتارخانية، ولا يجوز بيع المكاتب والمدبر وأمّ

29. Fiqah-e-Hanafi mein Qur’an ki kisi surah ka inkar karne wala kafir nahin.

“Agar koi shakhs Mu‘awwizatayn (Surah Falak, Surah naas) ke Qur’an mein se hone ka inkar kare to woh kafir nahin hota.”

Fatawa Alamgiri 2/288

الفتاوى الهندية

المعروفة بالفتاوى العالمكيرية

في مذهب الإمام الأعظم أبي حنيفة النعمان

تأليف

العلامة الهمام مولانا الشيخ نظام

وجماعة من علماء الهند الأعلام

ضبطه وصححه

عبد اللطيف حسن عبد الرحمن

الجزء الثاني

يحتوي على الكتب التالية:

العتاق - الأيمان - الحدود - السرقة - السير - اللقيط
اللقطة - الإباق - المفقود - الشركة - الوقف

منشورات

محمد علي بيضون

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

ملك بخلاف ما إذا قال: أنا نبي كذا في التتارخانية، رجل تزوج امرأة ولم يحضر الشهود قال: خدا يرا ورسول راكواه كردم أو قال: خداي راو فرشتكان را كواه كردم(١) كفر، ولو قال: فرشته دست راست راكواه كردم وفرشته دست چب راكواه كردم(٢) لا يكفر كذا في الفصول العمادية.

ومنها ما يتعلق بالقرآن: من قال بخلق القرآن فهو كافر كذا في الفصول العمادية، إذا أنكر الرجل آية من القرآن أو تسخر بآية من القرآن، وفي الخزانة أو عاب كفر كذا في التتارخانية، إذا أنكر الرجل كون المعوّذتين من القرآن لا يكفر، وقال بعض المتأخرين: يكفر لانعقاد الإجماع بعد الصدر الأول على أنهما من القرآن، والصحيح هو الأول لأن الإجماع المتأخر لا يرفع الاختلاف المتقدم كذا في الظهيرية، إذا قرأ القرآن على ضرب الدف والقصب فقد كفر، رجل يقرأ القرآن فقال رجل: اين چه بانك طوفان است(٣) فهذا كفر كذا في المحيط، ولو قال: قرأت القرآن كثيراً فما رفعت الجناية عنا يكفر كذا في الخلاصة، من قال لغيره: قل هو الله أحد راپو ست باز كردي أو قال: الم نشرح راكر يبان كرفته(٤) أو قال لمن يقرأ يس عند المريض: يس دردهان مرده منه(٥) أو قال لغيره: اي كوتاه ترازانا أعطيناك الكوثر(٦) أو قال لمن يقرأ القرآن ولا يتذكر كلمة والتفت الساق بالساق أو ملأ قدحاً وجاء به وقال: كأساً دهاقاً أو قال: فكانت سراباً بطريق المزاح أو قال عند الكيل والوزن وإذا كالوهم أو وزنوهم يخسرون بطريق المزاح أو قال لغيره: دستار الم نشرح بسته(٧) يعني أبديت العلم أو جمع أهل موضع وقال فجمعناهم جمعاً أو قال: وحشرناهم فلم نغادر منهم أحداً أو قال لغيره: كيف تقرأ والنازعات نزعاً بنصب العين أو برفعها وأراد به الطنز أو قال لرجل أقرع: أشتمك فإن الله تعالى قال: كلا بل ران أو دعي إلى الصلاة بالجماعة فقال: أنا أصلي وحدي إن الله تعالى قال: ﴿إن الصلاة تنهى﴾ [العنكبوت:٤٥] أو قال لغيره تفشيله يجوز فإن التفشيل يذهب بالريح قال الله تعالى: ﴿ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهب ريحكم﴾ [الأنفال:٤٦] كفر في هذه الصور كلها، وإذا قال لغيره: خانه جنان پاك كرده كه چون ﴿والسماء والطارق﴾ [الطارق:١](٨) قيل: يكفر، وقال الإمام أبو بكر بن إسحاق رحمه الله تعالى: إن كان القائل جاهلاً لا يكفر وإن كان عالماً يكفر وإذا قال قاعاً صفصفاً شده است(٩) فهذه مخاطرة عظيمة، وإذا قال لباقي القدر ﴿والباقيات الصالحات﴾ [الكهف:٤٦] فهذه مخاطرة عظيمة أيضاً، وإذا قال القرآن أعجمي كفر، ولو قال: في القرآن كلمة عجمية ففي كفره نظر هكذا ذكر أبو القاسم المفسر رحمه الله تعالى كذا في الفصول العمادية، في خزانة الفقه لو قيل: لم لا تقرأ القرآن فقال: بيزا رشدم از قرآن(١٠) يكفر، وفي رسالة صدر الصدور ورسالة قاضي القضاة كمال الملة والدين: اكر مردي سورتي از قرآن ياددا ردو آن سورة بسيارمي خواند ديكري كويد كه اين سوره راز بون كرفته كافر كردد(١١) وفي التخيير رجل نظم القرآن بالفارسية يقتل لأنه كافر كذا في التتارخاينة.

---

(١) أشهدت الله والرسول أو قال: جعلت الله والملائكة شهوداً. (٢) جعلت ملك اليد اليمنى شاهداً وجعلت ملك اليد اليسرى شاهداً. (٣) ما هذا الصوت الذي كالطوفان. (٤) قلبت جلد قل هو الله أحد أو قال تعلقت بخناق ألم نشرح. (٥) لا تضع يس في فم الميت. (٦) يا أقصر من إنا أعطيناك. (٧) لففت عمامة ألم نشرح. (٨) نظفت البيت مثل والسماء والطارق (٩) صار قاعاً صفصفاً. (١٠) زعلت من القرآن. (١١) إذا كان رجل يحفظ سورة من القرآن ويقرؤها كثيراً فقال له آخراً ضعفت هذه السورة يصير كافراً..

30. Fiqh-e-Hanafi aur musht-zani

Aur jaise rozedar apni hatheli se mani nikaale to us ka roza fasid na hoga.

Ashraf al-Hidayah 3/207

نیا اضافہ عنوانات و تخریج کمپیوٹر شدہ جدید ایڈیشن

وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (القرآن)

اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں راہ راست بتلا دیتے ہیں

اشرف الہدایہ

شرح اردو

ھدایۃ

جلد سوئم

کتاب الزکوۃ تا باب الھدی

تالیف: مولانا جمیل احمد سکروڈھوی

مدرس دار العلوم دیوبند

اضافہ عنوانات:

مولانا محمد عظمت اللہ

رفیق دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

نظر ثانی، اعراب:

مولانا آفتاب عالم

فاضل تخصص جامعہ دار العلوم کراچی

دار الاشاعت

اردو بازار ایم اے جناح روڈ

کراچی پاکستان 2213768

بھی دور کر دیا گیا ہوتا تو قتل خطاء کی صورت میں دیت اور کفارہ کیوں واجب ہوتا ہے۔

احتلام سے روزہ نہیں ٹوٹتا

فَاِنْ نَامَ فَاحْتَلَمَ لَمْ يُفْطِرْ لِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ لَايُفْطِرْنَ الصِّيَامَ اَلْقَيْءُ وَالْحِجَامَةُ وَالْاِحْتِلَامُ وَلِاَنَّهٗ لَمْ يُوْجَدْ صُوْرَةُ الْجِمَاعِ وَلَا مَعْنًى وَهُوَ الْاِنْزَالُ عَنْ شَهْوَةٍ بِالْمُبَاشِرَةِ

ترجمہ...... پھر اگر روزہ دار سو گیا اور اس کو احتلام ہو گیا تو اس کا روزہ افطار نہیں ہوا کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تین چیزیں روزہ کو افطار نہیں کرتیں قے، پچھنا لگوانا اور احتلام، اور اس لئے کہ نہ صورتاً جماع پایا گیا اور نہ معناً جماع اور معنیٰ جماع شہوت کے ساتھ مباشرت کر کے انزال کا ہونا ہے۔

تشریح...... مسئلہ اگر روزہ دار سو گیا اور اس کو اسی حالت میں احتلام ہو گیا تو اس کا روزہ فاسد نہیں ہوگا کیونکہ حدیث **ثَلَاثٌ لَايُفْطِرْنَ الصِّيَامَ اَلْقَيْءُ وَالْحِجَامَةُ وَالْاِحْتِلَامُ** تین چیزیں مفسد صوم نہیں ہیں ایک بے اختیار قے آنا، دوم پچھنا لگوانا، سوم احتلام ہونا، دوسری دلیل یہ ہے کہ احتلام میں جماع نہ صورۃً پایا گیا اور نہ معنیً۔ صورۃً تو اس لئے کہ جماع کی صورت یہ ہے کہ ایک شرمگاہ دوسرے کی شرمگاہ میں داخل ہو جائے اور احتلام میں یہ بات نہیں ہوتی اور معنیً جماع اس لئے نہیں پایا گیا کہ معنیً جماع یہ ہے کہ عورت و مرد شہوت کی ساتھ باہم چمٹ جائیں اور ادخال نہ پایا جائے لیکن انزال ہو جائے پس احتلام کی صورت میں جب نہ صورۃً جماع پایا گیا اور نہ معنیً جماع پایا گیا تو روزہ فاسد ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

عورت کی شرمگاہ دیکھی اور منی نکل گئی روزہ فاسد نہیں ہوا

وَكَذَا اِذَا نَظَرَ اِلَى امْرَاَةٍ فَاَمْنٰى لِمَابَيَّنَّا وَصَارَ كَالْمُتَفَكِّرِ اِذَا اَمْنٰى وَكَالْمُسْتَمْنِىْ بِالْكَفِّ عَلٰى مَاقَالُوْا......الخ

ترجمہ...... اور اسی طرح اگر کسی عورت کو دیکھا اور منی نکل گئی اور اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی ہے اور یہ ایسا ہو گیا جیسے متفکر جبکہ اس کی منی نکل آئی اور ہتھیلی سے منی نکالنے والے کے مانند ہو گیا اس قول کی بناء پر جو مشائخ نے کہا ہے۔

تشریح...... اگر کسی روزہ دار نے کسی اچھی سی عورت کو یا اس کی شرمگاہ کو دیکھا اور غریب کی منی نکل گئی تو اس کا روزہ فاسد نہ ہوگا۔ کیونکہ اس صورت میں بھی جماع نہ صورۃً پایا گیا اور نہ معنیً اور یہ ایسا ہو گیا جیسے کوئی روزہ دار کسی حسین اور خوبصورت عورت کا تصور کر کے بیٹھ گیا اور اسی تصور میں منی خارج ہو گئی تو اس کا روزہ فاسد نہ ہوگا اور جیسے روزہ دار اپنی ہتھیلی سے منی نکالے تو اس کا روزہ فاسد نہ ہوگا بعض مشائخ اسی کے قائل ہیں البتہ بعض کا خیال یہ ہے کہ استمناء بالید کی صورت میں قضا واجب ہوگی کیونکہ استمناء بالید کی صورت میں معنیً جماع پایا گیا ہے اب رہی یہ بات کہ غیر صائم کے لئے یہ حرکت جائز ہے یا نہیں؟ تو اس بارے میں قدرے تفصیل ہے چنانچہ استمناء بالید سے اگر قضا شہوت مقصود ہے تو قطعاً جائز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا **وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ اِلَّا عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰئِكَ هُمُ الْعَادُوْنَ** (المعارج: ۲۹، ۳۰، ۳۱) ابن جریج کہتے ہیں کہ میں نے عطاء سے دریافت کیا تو عطاء نے کہا کہ میں نے سنا ہے کہ ایک قوم قیامت میں اس حال میں آئے گی کہ ان کے ہاتھ حمل والے ہوں گے پس میرا خیال ہے کہ وہ

31. Hanafiyat ki jugaad – roze se khilwaad

Agar kisi ne gosht ki booti ko dore mein baandh kar nigal liya, phir usi waqt nikaal liya to roza nahin tootega.

Fatawa Alamgiri 2/22

فَقِیہٌ وَّاحِدٌ اَشَدُّ عَلَی الشَّیطٰنِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ

۲

فتاویٰ عالمگیری

جدید اردو

فقہ حنفی کے احکام و مسائل کا وہ عظیم و مستند ذخیرہ جو ہندوستان کے مشہور مسلمان بادشاہ حضرت عالمگیرؒ نے اپنی نگرانی میں ملک کے مستند علماء کی ایک جماعت کے ذریعہ عربی میں مرتب کرایا تھا اس کا مستند مکمل اردو ترجمہ

مترجم
مولانا سید امیر علی رحمہ اللہ تعالیٰ
مصنف تفسیر مواہب الرحمٰن و عین الہدایہ وغیرہ

تسہیل و عنوانات
مولانا ابو عبید اللہ
خطیب جامع مسجد رحمۃ للعالمین
ڈیفنس روڈ لاہور

مکتبہ رحمانیہ
اقراء سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار۔ لاہور
MAKTABA-E-REHMANIA

کان میں پانی ٹپکایا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا یہ ہدایہ میں لکھا ہے اور یہی صحیح ہے یہ محیط سرخسی میں لکھا ہے اور اگر اپنے پیشاب کے مقام میں کچھ ٹپکایا تو امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک روزہ نہیں ٹوٹتا یہ محیط میں لکھا ہے برابر ہے کہ پانی ٹپکایا ہو یا تیل اور یہ اختلاف اس صورت میں ہے کہ وہ مثانہ تک پہنچ جائے اور اگر مثانہ تک نہ پہنچا ہو اور ذکر کی ڈنڈی میں ہو تو بالاجماع روزہ نہیں ٹوٹے گا یہ تبیین میں لکھا ہے اگر عورتیں اپنے پیشاب کے مقام میں کچھ ٹپکائیں تو بلاخلاف روزہ ٹوٹ جائے گا یہی صحیح ہے یہ ظہیریہ میں لکھا ہے۔

اگر پیٹ یا سر میں جراحی کے دوران دوا ڈالی اور وہ معدہ یا مغز تک پہنچ گئی؟

اگر پیٹ[1] یا سر میں اندر تک زخم ہو اور اس میں دوا ڈالیں تو اکثر مشائخ کا یہ قول ہے کہ اگر دوا پیٹ یا دماغ کے اندر تک پہنچ گئی تو روزہ فاسد ہو جائے گا دوا کے اندر پہنچنے کا اعتبار ہے اس کے تر یا خشک ہونے کا اعتبار نہیں یہاں تک کہ اگر یہ معلوم ہوا کہ خشک دوا اندر پہنچ گئی تو روزہ فاسد ہو جائے گا اور اگر یہ معلوم ہوا کہ تر دوا اندر نہیں پہنچی تو روزہ فاسد نہیں ہوگا یہ عتابیہ میں لکھا ہے اور اگر ان دونوں میں سے کچھ نہ معلوم ہوا اور دوا ترتھی تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک روزہ ٹوٹ جائے گا اس لئے کہ عادت یہی ہے کہ تر دوا اندر پہنچ جاتی ہے اور صاحبینؒ کے نزدیک نہیں ٹوٹے گا اس لئے کہ اندر پہنچنا معلوم نہیں ہوا اور شک میں روزہ نہیں ٹوٹتا اور اگر دوا خشک ہو تو بالاتفاق روزہ نہیں ٹوٹے گا یہ فتح القدیر میں لکھا ہے اور اگر کسی کے نیزہ یا تیر لگا اور اس کے پیٹ کے اندر ٹوٹ رہا تو روزہ فاسد ہو جائے گا اور اگر ایک کنارہ اس کا باہر رہا تو روزہ فاسد نہ ہوگا یہ تبیین میں لکھا ہے۔

اگر کسی نے گوشت کی بوٹی کو ڈورے میں باندھ کر نگلا پھر اسی وقت نکال لیا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا اور جو چھوڑ دیا تو ٹوٹ جائے گا یہ بدائع میں لکھا ہے اگر کسی لکڑی کو نگل گیا اور سر اس کا ہاتھ میں ہے اور پھر باہر نکال لیا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا اور اگر کل لکڑی کو نگل گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا یہ خلاصہ میں لکھا ہے اگر کسی نے اپنے پاخانہ کے مقام میں انگلی داخل کی یا عورت نے اپنی فرج میں انگلی داخل کی تو روزہ نہیں ٹوٹے گا یہی مختار ہے لیکن اگر وہ پانی یا تیل میں بھیگی ہوئی ہو تو پانی یا تیل کے اندر پہنچنے کی وجہ سے روزہ ٹوٹ جائے گا یہ ظہیریہ میں لکھا ہے یہ حکم اس وقت ہے کہ جب روزہ یاد ہو اور یہ تنبیہ بہتر ہے اور ضرور ہے کہ اس کو یاد رکھے اس واسطے کہ ان سب مسئلوں میں روزہ اسی وقت ٹوٹتا ہے کہ جب روزہ یاد ہو ورنہ نہیں ٹوٹتا یہ زاہدی میں لکھا ہے اگر کسی کی کانچ باہر نکل آئے اور وہ روزہ دار ہو تو اس کو چاہئے کہ جب تک اس کو کپڑے سے نہ پوچھ لے تب تک جگہ سے نہ اٹھے تا کہ اس کے اندر پانی داخل ہونے سے روزہ نہ ٹوٹ جائے اور اسی واسطے فقہا نے کہا ہے کہ اگر روزہ دار ہو تو استنجا کرنے میں سانس نہ لے یہ محیط سرخسی میں لکھا ہے اگر روزہ دار استنجا دیر تک کرے یہاں تک کہ پانی حقنہ کے مقام تک پہنچ جائے تو روزہ فاسد ہو جائے گا یہ بحر الرائق میں لکھا ہے اگر کسی کی زبردستی کی وجہ سے رمضان کے دن میں مجامعت کی تو قضا لازم آئے گی کفارہ لازم نہ آئے گا یہ فتاویٰ قاضی خان میں لکھا ہے۔

دورانِ روزہ بوس و کنار کا مسئلہ:

اسی پر فتویٰ ہے اور اسی طرح اگر عورت[2] نے زبردستی کی تو بھی یہی حکم ہے یہ خلاصہ میں لکھا ہے اگر فجر کے طلوع ہونے سے

[1] پیٹ میں جوف تک اور سر میں مغز تک ہو۔

[2] اگر عورت نے ...... یہ ترجمہ قولہ و کذا لو کراھۃ المراۃ ...... یہی نسخہ موجودہ میں ہے اور مخفی نہیں کہ عورت سے اکراہ بقول امام بخلاف صاحبین نہیں ہوتا کیونکہ سلطنت وقوت چاہئے پھر میرے نزدیک اصل میں سہو ہے اور کاتب سے غلطی ہوئی عبارت یہ ہے کہ و کذا لو کرھت المراۃ علی بناء المفعول فافہم واضح رہے کہ زبردستی سے یہ مراد ہے کہ بے قابو کر دے جیسے بجز ہوتا ہے پس کسی ایذاء پہنچانے کا خوف دلائے مثلاً مارنا یا قید کرنا یا چھین لینا وغیرہ و یہاں تعین مراد میں تامل ہے اور شاید کہ عورت کی زبردستی صرف فساد صوم میں بطور منہ میں پانی ڈالنے وغیرہ کے ہو ورنہ جماع میں زبردستی ممکن بھی نہیں ہے کذا قال مولانا السید صاحب ترجمۃ المجلدات الباقیہ واللہ تعالیٰ اعلم۔